مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

# کیا کرنا ہے اور کیا نہیں، یاد رکھنے کے لئے اہم باتیں

## کیا کرنا

بیرون ملک سفر کے معاہدے پر ضرور دستخط کریں
اوراس بارے میں تمام معلومات حاصل کریں

ویزہ، ورک پرمٹ یا دوسرے ملک میں رہائش پذیر ہونے کے اجازت
نامے کے بغیر سفر مت کریں۔ وہ تمام قانونی دستاویزات جن کی آپ کو سفر
کے دوران ضرورت ہے اپنے پاس رکھیں

تمام معاملات پر سوالات کیجئے اور کام دینے والے
یا اس تعلیمی ادارے کے بارے میں جہاں آپ جا
رہے ہیں زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کریں

## کیا نہیں کرنا

ویزہ، ورک پرمٹ اور دیگر ضروری
کاغذات کے بغیر سفر نہ کریں۔

دوسرے ممالک کی سرحدوں
کو غیر قانونی طور پر پار نہ کریں۔

کسی دوسرے کو اپنا پاسپورٹ، ذاتی
دستاویزات اور قیمتی اشیاء نہ دیں۔

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

# محفوظ طریقے سے بیرونِ ملک سفر

- جلد بازی مت کریں۔
- تمام معاملات کے بارے میں سوالات پوچھیں۔
- ہر کسی پر اعتماد نہ کریں۔
- اپنا شناختی کارڈ، پاسپورٹ اور دیگر قیمتی اشیاء کسی کے حوالے ہرگز نہ کریں۔

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

# ٹریولنگ کے خطرات
# غیر قانونی طور پر، مہاجر سمگلنگ اور انسانی ٹریفکنگ

ویزہ، ورک پرمٹ یا دیگر قانونی دستاویزات کے بغیر سفر کرنا یا غیر قانونی طریقے سے کسی ملک کی سرحد پار کرنا ایک انتہائی غلط فیصلہ ہے۔ اگر آپ کے پاس وہ تمام دستاویزات نہیں ہیں جو بیرون ملک سفر کرنے کے لیے ضروری ہیں، تو آپ خود کو ایک بڑے خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ اگر آپ کسی ملک کی غیر قانونی طریقے سے سرحد پار کرتے ہیں تو آپ ایک سنگین جرم کے مرتکب ہو رہے ہیں۔

ایسے بہت سارے جرائم پیشہ عناصر موجود ہیں جو غیر قانونی طور پر سفر کرنے والے افراد کا استحصال کرتے ہیں

یہ عناصر بیرون ملک سفر کروانے کے لیے آپ سے ایک بھاری رقم وصول کرنے کے ساتھ ساتھ آپ کی جان کو شدید خطرات میں ڈال سکتے ہیں۔ اس سب کے باوجود ممکن ہے کہ آپ مطلوبہ منزل تک نہ پہنچ پائیں۔

اگرچہ آپ نے قانونی طور پر دوسرے ملک کا سفر کیا ہے، ویزہ یا ورک پرمٹ کی معیاد ختم ہونے کے بعد وہاں رکنا غیر قانونی ہے۔ یاد رکھیے قانونی اجازت نامے اور ضروری دستاویزات کے بنا کسی دوسرے ملک میں رہنا آپ کے لیے کسی بھی وقت مشکل صورتحال پیدا کر سکتا ہے۔

اگر آپ کے پاس قانونی اجازت نامہ نہیں ہے تو اس بات کا بہت حد تک امکان ہے کہ اس ملک کے حکام آپ کو فور وہاں سے آپ کے ملک واپس بھیج دینگے۔

جرائم پیشہ عناصر نوکری یا دیگر کسی کام کا جھانسہ دے سکتے ہیں اور پھر وہاں پہنچنے پر لوگوں کو بغیر تنخواہ سخت محنت کرنے اور جبری عصمت فروشی سمیت استحصال کی دیگر صورتوں پر مجبور کر سکتے ہیں۔

مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

# ٹریولنگ کے خطرات غیر قانونی طور پر ، مہاجر سمگلنگ اور انسانی ٹریفکنگ

مزید معلومات کے لئے مائیگرنٹ ریسورس سنٹر کے تمام مراکز سے رابطہ کریں۔ تمام خدمات مفت فراہم کی جاتی ہیں

**ہاٹ لائن نمبر: 0304 111 2 123**

## اسلام آباد

میزانائن فلور، شہید ملت سیکریٹریٹ،
بلیوایریا، اسلام آباد

سکائپ
mrcislamabad

کام کرنے کے اوقات: صبح 9 سے شام 5 بجے تک
کام کرنے کے ایام: پیر تا جمعہ

## لاہور

انڈسٹریل ریلیشنز انسٹیٹیوٹ، ملحقہ ریسکیو 1122
نزد چاندنی چوک، ٹاون شپ، لاہور

سکائپ
mrc.lahore

ای میل: help@mrc.org.pk

یہ معلوماتی مواد مائیگرنٹ ریسورس سینٹر پاکستان نے مرتب کیا ہے ۔
یورپی کمیشن اس میں موجود معلومات کے استعمال کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے۔

Funded by the European Union's Asylum, Migration and Integration Fund

Implemented by
ICMPD
International Centre for Migration Policy Development

Co-Funded and implemented by Austria and Bulgaria
Federal Ministry Republic of Austria Interior